# اسکول کی تعطیلات کے دوران اپنے بچے کی بطور ایک کتب بین کے نشو ونما کریں — گھر پر اور اپنے برادری میں

NYC Public Schools | Reads

Eric Adams Mayor | David C. Banks Chancellor

## (K-5)  اہل خانہ اور نگہداشت فراہم کنندگان کے لیے رہنمائی

---

عزیز اہلِ خانہ،

اسکول کی تعطیلات کے دوران، ہمارے طلباء کو فارغ اوقات مل جاتے ہیں۔

ذیل میں، ہم چند بلامعاوضہ طریقوں سے رہنمائی کر رہے ہیں جو آپ کے بچے کی اسکول کی تعطیلات کے دوران گھر اور باہر آپ کی برادری دونوں جگہ پر بطور ایک کتب بین نشو ونما پانے من مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ مزید جاننا چاہتے ہیں، برائے مہربانی اپنے بچے کے استاد، لائبریرین، یا ہمارے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔

بمعہ تہنیت،

**نیو یارک شہر پبلک اسکولز**

---

### گھر پر مسلسل نشونما پاتے رہیں

اسکول کی تعطیلات کے دوران، آپ کے بچے کو گھر پر کچھ فارغ اوقات مل جاتے ہیں۔ ذیل میں چند طریقے ہیں جو آپ کے بچے کو ان اوقات کے دوران بطور کتب بین نشو ونما پانے میں مدد کریں گے:

1. **اپنے مطالعہ کے معمول کو برقرار رکھیں۔** اسکول کی تعطیلات آپ کے معمولات سے وقفہ پانے کا ایک موقع ہوتا ہے، اور یہ یقینی بنانے کا موقع ملتا ہے کہ آپ کے بچے کے پاس اس بارے میں انتخاب کرنے کے مواقع ہوتے ہیں کہ کیسے کھیلنا ہے یا اپنے وقت کو کیسے استعمال کرنا ہے۔ لیکن، جیسے کہ آپ کے اسکول میں ہونے کے دوران آپ کا ایک مطالعہ کا معمول تھا اسے برقرار رکھیں۔ چاہے سونے سے پیشتر کوئی کتاب ملکر پڑھیں، کار یا ٹرین میں آڈیوبُکس سنیں، یا دن کی تیاری کے دوران گانے گائیں، ایک ساتھ مل کر خواندگی سے متعلق معمولات برقرار رکھنے سے آپ کے بچے کو تعطیلات کے دوران بطور ایک مستقل کتب بین نشو ونما پانے میں مدد ملتی ہے۔

- ایک یاددہانی کے طور پر، آپ نیو یارک پبلک لائبریری میں کئی زبانوں میں **بلامعاوضہ** جلد والی کتابیں تلاش کر سکتے ہیں (**nypl.org**) (برونکس، مین ہیٹن، اور اسٹیٹن آئلینڈ کے مقامات پر)، اپنے مضافاتی علاقے کی بروکلن پبلک لائبریری (**bklynlibrary.org**)، اور / یا کوئینز پبلک لائبریری (**queenslibrary.org**)۔ لائبریرین آپ کی زبان میں کتابیں تلاش کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔
- (**on.nyc.gov/sora**) Sora، NYCPS طلباء کے لیے ایک **بلامعاوضہ** مطالعہ ایپ ہیں جس میں 20 زبانوں میں ای-بُکس ہیں۔ یہ بلامعاوضہ آڈیوبُکس کی بھی پیشکش کرتی ہے۔

مزید معلومات صفحے کی پُشت پر ملاحظہ کریں۔ ◄

2. **ساتھ ملکر کھانے پکائیں یہ مطالعہ کو فروغ دینے کا موقع ہے۔** یہ اتنا آسان ہے کہ ناشتے کی تیاری کے دوران آپ اپنے بچے سے کہیں کہ آپ کی مدد کرنے کے لیے فوری دلیہ بنانے کے پیکٹ پر بنانے کی ہدایات پڑھیں۔ یا جب آپ کوئی کھانا بنائیں، اپنے بچے سے بات کریں کہ اس میں آپ کون سے اجزا شامل کر رہے ہیں اور آپ انہیں کس طرح پکا رہے ہیں۔ آپ انہیں ایسے مصالحے یا دیگر اجزا تلاش کرنے کا کہہ سکتے ہیں جن میں کچھ پڑھنا درکار ہوتا ہے۔
3. **کسی دوست یا خاندان کے رکن کو (خط) لکھیں۔** کیا عنقریب خاندان میں کوئی سالگرہ آنے والی ہے؟ ایک دوست جس نے کوئی اچھا کام کیا ہے؟ اپنے بچے سے ایک کارڈ، خط یا شکریہ نوٹ لکھنے اور اس کی آرائش کرنے کا کہیں۔ انہیں کوئی خاص سامان کی ضرورت نہیں، بس کاغذ اور پین یا ایک کمپیوٹر، ٹیبلیٹ، یا اسمارٹ فون چاہیے۔
4. **اسکرین ٹائم کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔** میانہ روی کے ساتھ، ٹیکنالوجی کا استعمال اور میڈیا آپ کے بچے کی خواندگی میں معاونت کر سکتے ہیں۔
   - اگر آپ کا بچہ ایک کمپیوٹر، ٹیبلیٹ یا اسمارٹ فون کے ساتھ بیٹھ جاتا ہے:
     - انہیں پرلطف، بلامعاوضہ مواد میں مشغول رکھیں جس سے مطالعہ کرنے کی صلاحیتوں میں مدد مل سکے جیسے کہ Khan Academy Kids (**khankids.org**), PBS Kids (**pbskids.org**), یا Starfall (**starfall.com**)۔
     - اگرچہ کوئی مواد تعلیمی نہ بھی ہو، آپ پھر بھی اس کے بارے میں اپنے بچے کے ساتھ بات کر سکتے ہیں تاکہ ان کی افہام و ادراک اور تنقیدی سوچ کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔ پوچھیں: آپ نے _____ کے بارے میں کیا سیکھا؟ اگر آپ یہ وڈیو بناتے، تو آپ کیا مختلف کرتے اور کیوں؟
   - TV شوز اور / یا فلموں کے بارے میں بات کریں تاکہ آپ کے بچے کی افہام و ادراک کی صلاحیتوں میں مدد ہو سکے۔ پوچھیں:
     - اس شو یا فلم میں کون سے کردار تھے؟ کون سا کردار آپ کا پسندیدہ تھا اور کیوں؟
     - اس شو یا فلم میں اصل مسئلہ کیا تھا؟ اس مسئلے کو کیسے حل کیا گیا؟
     - آپ کا کیا خیال ہے کہ اس شو یا فلم کا مرکزی خیال یا پیغام کیا تھا؟
     - کیا اس شو یا فلم سے آپ کو کچھ اور دیکھا ہوا یاد آیا یا پڑھی ہوئی کتاب یاد آئی؟ کیوں؟

---

## اپنی برادری میں فروغ پاتے رہیں

اگر کوئی نگہداشت فراہم کنندہ یا بڑا بھائی بہن نگرانی کے لیے دستیاب ہے، اپنے بچے کو تعطیلات کے دوران اپنی برادری میں بطور ایک کتب بین مدد کرنے کے لیے کئی اور بلامعاوضہ طریقے بھی ہیں۔

1. **باہر جاکر خود مختاری کے ساتھ کھیلنے کی حوصلہ افزائی کریں۔** گوکہ یہ مطالعہ سے جڑا ہوا نہیں لگتا ہے، آپ کے بچے کی ذہنی نشو ونما کے لیے خود سے کھیلنے کی بڑی اہمیت ہے (اور اس میں مزا بھی آتا ہے!)۔ اگر آپ کے بچے کے پاس کوئی نگہداشت فراہم کنندہ یا بڑا بھائی بہن ہے جو اپنی نگرانی میں ان کو مقامی پارک لے جانے کے لیے دستیاب ہو۔ نیو یارک شہر پارکس ویب سائٹ (**nycgovparks.org/events/kids**) پر بچوں کے لیے بلامعاوضہ باساختہ تقریبات دستیاب ہیں۔ جن دنوں میں آپ دستیاب ہیں اپنے نزدیک تقریبات تلاش کرنے کے لیے فلٹرز کا استعمال کریں۔
2. جب آپ گھر کے کام کر رہے ہوں تو مطالعہ اور باتیں کریں۔ مصروف خاندانوں کے پاس جانے کے لیے کئی مقامات ہوتے ہیں، اور یہاں تک کہ روزمرّہ کا کام مطالعہ اور سیکھنے کے مواقع ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر:
   - جب آپ گروسری اسٹور پر ہوں، اپنے بچے سے شیلف پر رکھی ہوئی چیزوں کے نام پڑھنے کو کہیں، یا نشاندہی کرنے کو کہیں کہ آپ مخصوص چیزیں کہاں تلاش کر سکتے ہیں۔
   - لائن میں انتظار کرنے کے دوران — کہیں بھی — 'آئی اسپائی' کھیلیں تاکہ آپ کے بچے کو اس کے اردگرد دنیا پر توجہ دینے اور غور کرنے کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔
3. اپنی مقامی لائبریری جائیں۔ اگر آپ کے بچے کے پاس کوئی نگہداشت کنندہ یا بڑا بھائی بہن ہے جو اس کے ساتھ جا سکتا ہے، اسکول کی تعطیلات کے دوران آپ کی مقامی لائبریری میں کئی تقاریب ہوتی رہتی ہیں۔
   - اگر آپ بروکلن میں رہتے ہیں، بروکلن پبلک لائبریری کی تقریبات کی ویب سائٹ دیکھیں (**bit.ly/bklibrarykidsevents**)۔ جن دنوں میں آپ دستیاب ہیں اپنے نزدیک تقریبات تلاش کرنے کے لیے فلٹرز کا استعمال کریں۔
   - اگر آپ برونکس، مین ہٹن، یا اسٹیٹن آئلینڈ میں رہتے ہیں، نیو یارک پبلک لائبریری کی تقریبات کی ویب سائٹ دیکھیں (**nypl.org/events/calendar**)۔ جن دنوں میں آپ دستیاب ہیں اپنے نزدیک تقریبات تلاش کرنے کے لیے فلٹرز کا استعمال کریں۔
   - اگر آپ کوئنز میں رہتے ہیں، کوئنز پبلک لائبریری کی تقریبات کی ویب سائٹ دیکھیں (**bit.ly/queenslibrarykidsevents**)۔ جن دنوں میں آپ دستیاب ہیں اپنے نزدیک تقریبات تلاش کرنے کے لیے فلٹرز کا استعمال کریں۔